1

برکاتِ نماز

نماز کے فضائل

1. اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا سبب نماز ہے۔
2. نماز جہنم کے عذاب سے بچاتی ہے۔
3. اللہ پاک بروزِ قیامت نمازی سے راضی ہو گا۔
4. نماز سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔
5. نماز دعاؤں کی قبولیت کا سبب ہے۔
6. نماز سے بدن کو راحت ملتی ہے۔
7. نماز شیطان کو ناپسند ہے۔
8. نماز قبر کے اندھیرے میں تنہائی کی ساتھی ہے۔
9. نماز نیکیوں کے پلڑے کو وزنی بنا دیتی ہے۔
10. نماز کا وقت پر ادا کرنا تمام اعمال سے افضل ہے۔
11. نمازی کے لیے سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ اسے بروزِ قیامت اللہ پاک کا دیدار ہو گا۔

Faraz Attari Madani

(فیضانِ نماز، ص 11)

نماز فجر

بعض انبیاء کرام علیھم السلام نے مختلف اوقات کی نمازیں جدا جدا مواقع پر ادا فرمائیں۔ اللہ پاک نے اپنے محبوبان بارگاہ کی ان حسین اداؤں کو ہم غلامان **مصطفی** ﷺ پر فرض کر دیا۔

حضرت سیدنا آدم صفی اللہ علیہ السلام نے صبح ہونے کے شکریہ میں دو رکعتیں ادا کیں تو یہ **نماز فجر** ہو گئی۔

(فیضان نماز، ص،29)

برکاتِ نماز

نماز ظہر

حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے اپنے فرزند (یعنی بیٹے) کی جان محفوظ رہنے اور دنبہ قربانی کرنے کے شکریہ میں ظہر کے وقت چار رکعتیں ادا کیں تو یہ **نماز ظہر** ہو گئی۔

Faraz Attari Madani

(فیضان نماز، ص، 30)

بر کاتِ نماز

نمازِ عصر

حضرت سیدنا عزیر علیہ السلام سو برس کے بعد زندہ فرمائے گئے، اس کے بعد آپ نے چار رکعتیں ادا کیں تو یہ **نمازِ عصر** ہو گئی۔

Faraz Attari Madani

(فیضانِ نماز، ص، 30)

5

برکاتِ نماز

نماز مغرب

حضرت سیدنا داؤد علیہ السّلام بوقت مغرب چار رکعتیں پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے مگر درمیان میں تین رکعت پر ہی سلام پھیر دیا تو نماز مغرب کی تین رکعتیں ہو گئیں۔

(فیضان نماز، ص،30)

Faraz Attari Madani

نماز عشاء

ہمارے پیارے
آقا ﷺ نے نماز عشاء
ادا فرمائی۔

سرکار مدینہ ﷺ پر
تہجد کی نماز بھی فرض
تھی۔

نماز عشاء حضور ﷺ کی
امت کی خصوصیت ہے
اور نماز پنج گانہ (یعنی پانچ
وقت کی نمازیں) بھی۔

اور نماز تہجّد کی فرضیت
سرکار مدینہ ﷺ کی
خصوصیت ہے۔

(فیضان نماز، ص، 30)

جنتوں کے دروازے

شہنشاہِ دو عالم ﷺ کا فرمان معظم ہے

بندہ جب نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے اس کے لئے جنتوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں ، اور اس کے اور پروردگار کے درمیان حجابات (یعنی پردے) ہٹا دیئے جاتے ہیں اور حور عین (یعنی بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں) اس کا استقبال کرتی ہیں جب تک نہ ناک سنکے نہ کھنکارے۔

(فیضان نماز کتاب ص 37)

کوئی فرشتہ رکوع اور کوئی سجدے میں

حضرت سیدنا ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اللہ پاک نے کوئی ایسی چیز فرض نہ کی جو توحید و نماز سے بہتر ہو اگر اس سے بہتر کوئی چیز ہوتی تو وہ ضرور فرشتوں پر فرض کرتا ان (یعنی فرشتوں) میں کوئی رکوع میں ہے کوئی سجدے میں۔

(فیضان نماز ص 37)

ایک لاکھ فرشتے

حضرت سیدنا امام ابو حامد محمد بن محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں

مومن بندہ جب نماز پڑھتا ہے تو اس سے فرشتوں کی دس صفیں تعجب کرتی ہیں جن میں ہر ایک صف دس ہزار کی ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر ان ایک لاکھ فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے۔

(فیضان نماز ص 38)

(فیضانِ نماز ص 54)

11
برکاتِ نماز
سو گھروں سے بلائیں دور
سرکار مدینہ ﷺ فرماتے ہیں
اللہ پاک ایک صالح (یعنی نیک) مسلمان کی برکت سے
اس کے پڑوس کے سو گھر والوں کی بلا (یعنی آفت)
دفع فرماتا ہے۔
(فیضانِ نماز ص54)
Faraz Attari Madani

ہر قدم پر نیکی اور درجے کی بلندی

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

تاجدارِ مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جو شخص اپنے گھر میں طہارت (یعنی وضو یا غسل) کر کے فرض ادا کرنے کے لیے مسجد کو جاتا ہے تو ایک قدم پر ایک گناہ محو (یعنی معاف) ہو جاتا ھے اور دوسرے پر ایک درجہ (Rank) بلند ہوتا ہے۔

(فیضان نماز، ص، 58)

FARAZ ATTARI MADANI

برکاتِ نماز

اللہ پاک کا احسان

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالیشان ہے

بندے پر دنیا میں سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اسے دو رکعت نماز ادا کرنے کی توفیق دی گئی۔

(فیضان نماز ص 62)

13

Faraz Attari Madani

14
برکاتِ نماز
نماز پڑھ کر وہیں بیٹھے رہنے کی فضیلت
سرکار مدینہ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے
جو بندہ نماز پڑھ کر جب تک اس جگہ بیٹھا رہتا ہے فرشتے
اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں ، یہاں تک کہ بے
وضو ہو جائے یا اٹھ کھڑا ہو۔
فرشتوں کی دعائے مغفرت اس (بیٹھے رہنے والے) کے لیے یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ، اَللّٰھُمَّ ارْحَمْہٗ۔
(اے اللہ پاک تو اس کو بخش دے، اے اللہ پاک تو
اس پر رحم فرما)
(فیضانِ نماز، ص65)
Faraz Attari Madani

15
برکاتِ نماز
زمین کا ٹکڑا
حضرت سیدنا عطا خراسانی
رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:
بندہ زمین کے جس حصے پر بھی سجدہ کرتا ہے
وہ قیامت میں اُس کی گواہی دے گا اور جس
دن وہ مرتا ہے زمین کا ٹکڑا اس پر روتا ہے.
(فیضان نماز، ص، 67)
Faraz Attari Madani

(از فیضانِ نماز کتاب ص 74)

برکاتِ نماز
17
نیکیاں چھپانے کے
فضائل
بندے کو چاہیئے کہ وہ جس قدر ہو سکے اپنی
نیکیاں چھپائے
سرکار مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی
کا ایسی جگہ نفل پڑھنا جہاں لوگ اسے نہ دیکھتے
ہوں، لوگوں کے سامنے ادا کی جانے والی
25 نمازوں کے برابر ہے۔
(کنزالعمال، ج3، ص12)
(فیضان نماز، ص79)
Faraz Attari Madani

اخلاص کے ساتھ دو رکعت

فرمانِ آخری نبی ﷺ

جو تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے سوا کوئی نہ دیکھے اُس کے لئے جہنم سے برأت (یعنی آزادی) لکھ دی جاتی ہے

(کنز العمال، ج 3، ص 125، حدیث 19015)

Faraz Attari Madani

(فیضان نماز، ص، 89)

نماز میں جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج

1۔ نماز میں بہترین ورزش ہے کہ اس کے قیام میں، رکوع اور سجدے وغیرہ کرنے سے بدن کے اکثر جوڑ حرکت کرتے ہیں۔
2۔ نزلہ زکام کے مریض کے لیے طویل (یعنی لمبا) سجدہ مفید ہے۔
3۔ آنتوں میں جمع ہونے والے غیر ضروری مواد کو حرکت دے کر نکالنے میں سجدہ کافی مددگار ثابت ہوتا ہے۔
4۔ نماز سے ذہن صاف ہوتا ہے اور غصے کی آگ بجھ جاتی ہے۔
5۔ سینہ کھولتی ہے اور دل منور (یعنی روشن) کرتی ہے۔

یہ فوائد اسی صورت میں حاصل ہو سکتے ہیں جب نماز اطمینان سے درست طریقے پر ادا کی جائے۔

(از فیضان نماز کتاب ص 29)

نماز کی پابندی

اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ نے فرمایا

اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے تمہاری امت پر (دن رات میں) پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور میں نے یہ عہد کیا ہے کہ جو ان نمازوں کی ان کے وقت کے ساتھ پابندی کرے گا اس کو جنت میں داخل فرماؤں گا اور جو پابندی نہیں کرے گا تو اس کے لئے میرے پاس کوئی عہد نہیں

(ابو داؤد، حدیث 430)

(فیضانِ نماز، ص 86)

دوزخ سے آزادی

امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

کہ اللہ کے آخری نبی ﷺ کا فرمان عالیشان ہے

جو چالیس راتیں مسجد میں باجماعت نماز عشاء پڑھے کہ پہلی رکعت فوت نہ ہو اللہ پاک اس کے لئے دوزخ سے آزادی لکھ دیتا ہے۔

(ابن ماجہ ج.1 ،ص.437 ،حدیث.798)
(فیضانِ نماز ،ص.97)

نمازِ فجر

اللہ پاک کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو صبح کی نماز پڑھتا ہے وہ شام تک اللہ پاک کے ذمے میں ہے۔

(معجم کبیر، حدیث 1321)

(فیضانِ نماز، ص87)

فجر و عشاء باجماعت پڑھنے کی فضیلت

جو خوش نصیب مسلسل چالیس دن تک فجر و عشاء با جماعت ادا کرتا ہے وہ جہنم اور منافقت سے آزاد کر دیا جاتا ہے

سرکار مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جس نے چالیس دن فجر و عشاء باجماعت پڑھی اس کو اللہ پاک دو آزادیاں عطا فرمائے گا۔ ایک نار (یعنی آگ) سے، اور دوسری نفاق (یعنی منافقت) سے

(ابن عساکر ج52، ص338)

(فیضانِ نماز، ص97)

برکاتِ نماز

سنت عصر کی فضیلت

سنت عصر کے متعلق فرامین مصطفیٰ ﷺ

1- اللہ پاک اس شخص پر رحم کرے، جس نے عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھی۔

2۔ جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے، اللہ پاک اس کے بدن کو آگ پر حرام فرما دے گا۔

3۔ جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے اسے آگ نہ چھوئے گی۔

(از فیضانِ نماز ص، 109)

نمازیوں میں لکھا جانا

اللہ کریم کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

نماز کے انتظار میں بیٹھنے والا نماز پڑھنے والے کی طرح ہے اور اپنے گھر سے نکلنے کے وقت سے لوٹنے تک نمازیوں میں لکھا جاتا ہے۔

(ابن حبان، حدیث 2036)

(از فیضانِ نماز، ص، 188)

برکاتِ نماز

دنیا سے جانے والے کی طرح نماز پڑھے

فرمانِ آخری نبی ﷺ

جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو رخصت ہونے والے شخص کی طرح یہ گمان رکھ کر نماز پڑھے کہ اب کبھی دوبارہ نماز نہیں پڑھ سکے گا۔

(جامع صغیر، ص،50، ح،716)

(فیضانِ نماز کتاب ص 308)

رزق میں برکت کا مضبوط ذریعہ

روزی میں برکت کا مضبوط ترین ذریعہ یہ ہے کہ انسان نماز کو خشوع و خضوع، تعدیل ارکان (یعنی ٹھہر ٹھہر کر ادا کرنے) کا لحاظ کرتے ہوئے اور تمام واجبات اور سنن و آداب کی پوری طرح رعایت کرتے ہوئے ادا کرے

(راہ علم)

(فیضانِ نماز ص 304)

غافل کی ساری رات کی عبادت

صحابی ابن صحابی حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں : " غور و فکر کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھنا غافل دل کے ساتھ پوری رات قیام (یعنی عبادت) کرنے سے بہتر ہے "

(مجموع رسائل ابن رجب، ج،1، ص،352)

برکاتِ نماز

میری جانب متوجہ ہو جا

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

سرور کائنات ﷺ کا فرمان عالیشان ہے

جب بندہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے جب وہ ادھر ادھر دیکھتا ہے تو اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے تو کس کی طرف دیکھ رہا ہے ؟ کیا مجھ سے بہتر کی طرف دیکھ رہا ہے ؟ اے ابن آدم (یعنی اے آدمی) میری طرف متوجہ ہو جا میں اس سے بہتر ہوں جس کی طرف تو دیکھ رہا ہے۔

(مسند البزار ج16، ص200، ح9332)

(از فیضانِ نماز کتاب ص 333)

Faraz Attari Madani

نماز میں ادھر ادھر دیکھنے سے رحمت کا پھر جانا

Faraz Attari Madani

حضرت سیدنا ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں

اللہ کے آخری نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا

اللہ تعالیٰ کی رحمت نمازی کی جانب متوجہ رہتی ہے جب تک وہ ادھر ادھر نہ دیکھے ، جب ادھر ادھر دیکھتا ہے تو اللہ پاک کی رحمت بھی اس سے پھر جاتی ہے

(ابو داؤد ج، 1ص، 344، ح909)

31

Faraz Attari Madani

(فیضانِ نماز کتاب ص 333)

تمام معاملات درست ہو جائیں

حضرت سیدنا ابن شوذب رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں

میں نے حضرت سیدنا یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے سنا دو خصلتیں ایسی ہیں کہ اگر بندے میں وہ درست ہو جائیں تو اس کے باقی تمام معاملات درست ہو جائیں وہ نماز اور زبان ہیں۔

(حلیۃ الاولیاء، ج، 3، ص، 22)

(از فیضانِ نماز، ص375)

جنت کے بستر خوب نرم ہیں

حضرت سیدنا عبد العزیز بن ابو رواد رحمۃ اللہ علیہ رات سونے کے لیے اپنے بچھونے پر آتے اور اس پر ہاتھ پھیر کر فرماتے تو بہت نرم ہے مگر اللہ پاک کی قسم جنت کا بستر تجھ سے زیادہ نرم ہو گا پھر ساری رات نماز پڑھتے رہتے۔

Faraz Attari Madani

(جنت میں لے جانے والے اعمال، ص، 147)

(از فیضانِ نماز ص 476)

نمازی غلاموں کو آزادی مل گئی

حضرت سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز کے لیے تشریف لے گئے اور غلاموں کو اپنے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا تو پوچھا تم کس کے لیے نماز پڑھ رہے ہو؟ بولے اللہ تعالیٰ کے لئے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جاؤ میں تم سب کو اللہ پاک کی رضا (یعنی خوشی پانے) کے لیے آزاد کرتا ہوں۔

(اللہ والوں کی باتیں، ج1، ص421)

(از فیضانِ نماز ص488)

دکان پر 400 رکعتیں

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بازار جاتے اور اپنی دکان کھول کر اس کے آگے پردہ ڈال دیتے اور چار سو رکعت نفل ادا کر کے دکان بند کر کے گھر واپس آجاتے

(مکاشفہ القلوب، ص، 84)

زمین کے حصے کی بزرگی

حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

شہنشاہ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کوئی صبح و شام ایسی نہیں کہ زمین کا ایک ٹکڑا دوسرے کو نہ پکارتا ہو آج تجھ پر کوئی نیک بندہ گزرا جس نے تجھ پر نماز پڑھی یا ذکر الٰہی کیا؟ اگر وہ "ہاں" کہے تو اس کے لئے اس سبب سے اپنے اوپر (بزرگی یعنی بڑا پن) تصور کرتا ہے

(معجم اوسط ج،1،ص،171)

(فیضانِ نماز ص66)

اس طرح کی علمی پوسٹ حاصل کرنے کے لئے ہمارا پیج لائیک کریں
fb.com/farazattarimadani

Faraz Attari Madani....

خشوع سے نماز پڑھنا گناہوں کا کفارہ

امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں

میں نے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ کو یہ فرماتے سنا

کہ جس مسلمان پر فرض نماز کا وقت آئے اور وہ اچھی طرح وضو کر کے خشوع و خضوع کے ساتھ نماز پڑھے اور درست طریقے سے رکوع کرے تو وہ نماز اس کے پچھلے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے جب تک کہ وہ کسی کبیرہ گناہ کا ارتکاب نہ کرے اور یہ (یعنی گناہوں کی معافی کا سلسلہ) ہمیشہ ہی ہوتا ہے (کسی زمانے کے ساتھ خاص نہیں ہے)۔

(مسلم، ص، 116، ح، 543)

(فیضانِ نماز ص 286)

38
برکاتِ نماز
Faraz Attari Madani
Faraz Attari Madani
جنت واجب ہو جاتی ہے
حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں
میں نے اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو دیکھا
کہ آپ کھڑے ہو کر لوگوں سے یہ ارشاد فرما رہے تھے
جو مسلمان اچھی طرح وضو کرے پھر ظاہر و
باطن کی یکسوئی کے ساتھ دو رکعتیں ادا کرے تو
اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔
(مراۃ المناجیح، ج، 1، ص، 236)
(فیضانِ نماز ص 285)
اس طرح کی علمی پوسٹ حاصل کرنے کے لئے ہمارا پیج لائیک کریں
fb.com/farazattarimadani

نماز کا خوب خیال رکھو

تابعی بزرگ حضرت سیدنا قتادہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے

نماز کا خوب دھیان رکھو کہ وہ اہل ایمان کا ایک بہترین وصف (یعنی عمدہ خوبی) ہے

(تفسیر درمنثور، ج 8 ص، 283)

(فیضانِ نماز ص 54)

زندگی کی آخری نماز

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ ہے

اپنی نماز میں موت کو یاد کرو کیونکہ جب کوئی شخص اپنی نماز میں موت کو یاد کرے گا تو وہ ضرور عمدہ انداز میں نماز پڑھے گا اور اس شخص کی طرح نماز پڑھو جسے امید نہ ہو وہ دوسری نماز ادا کر سکے گا۔

(کنز العمال، ج7، ص212)

(فیضانِ نماز ص309)

برکاتِ نماز

رزق میں تنگی

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالی علیہ کے دادا
استاد حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے

کہ جس شخص کو تم دیکھو کہ رکوع اور سجدوں کو پورے طور پر ادا نہیں کرتا ہے تو اس کے اہل و عیال (یعنی بال بچوں) پر رحم کرو کیوں کہ ان کی روزی تنگ ہو جانے اور فاقہ کشی (یعنی کھانے پینے کو نہ ملنے) کا خطرہ ہے۔

(روح البیان ج 1 ص 33)

(فیضانِ نماز ص، 47)